08/04/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

ڈونالڈ ٹرمپ

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہوں نے ایران اور امریکہ کے مابین دو ہفتے تک جنگ بندی کی تجویز کو لاگو کرنے کا فیصلہ کیا ہے بشرطیکہ آبنائے ہرموز میں آبی جہازوں کی آواجائی کی اجازت دی جائے ۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ یہ منصوبہ دونوں فریقین کو عملانا ہو گا ۔

ایران

ایران کے دارالخلافہ تہران میں قائم بھارتی سفارتخانے نے وہاں مقیم بھارتی شہریوں کو انتہائی احتیاط برتنے کی صلاح دی ہے ۔ سفارتخانے کی جانب سے جاری ایڈوائزری کے مطابق بھارتی شہریوں کو ایران میں اپنے گھروں کے اندر رہنے اور کثیر منزلہ عمارتوں کی اوپری منزلوں میں نہ رہنے کا مشورہ دیا گیا ہے ۔ صوبائی کمشنر کشمیر کے سوشل میڈیا اکاونٹ پر اپلوڈ کی گئی اس ایڈوائزری میں سفارتخانے نے ہیلپ لائن نمبر بھی جاری کئے ہیں ۔

وزیرِ اعلیٰ ایگریکلچر

وزیرِ اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل تالاب تلو جموں میں نبارڈ کے تحت 5کروڑ 93لاکھ روپے کی لاگت سے ایگریکلچر اور فلوریکلچر سیکٹروں کے لئے قائم کیے گئے "سنٹر آف ایکسیلنس "کا افتتاح کیا۔

اس موقع پر کسانوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ زراعت میں مراکزامتیاز قائم کرنے کا مقصد کسانوں کو معیاری پودے اور بیج فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنی آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ کر سکیں۔

اس موقع پر انہوں نے ایچ اے ڈی پی اسکیم کے کئی مستحقین میں منظوری نامے بھی تقسیم کیے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ نے جموں کشمیر میں دہشت پسندی کے ایک ماڈیول کو بے نقاب کرنے کو ایک خوش آئند قدم قرار دیا ہے ۔ اس بارے میں میڈیا نمائندوں کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا
۔

وزیرِ اعلیٰ ٹورنامنٹ

اس دوران وزیرِ اعلیٰ نے جموں کے مولانا آزاد اسٹیڈیم میں شیرِ کشمیر کرکٹ ٹورنامنٹ کے دوسرے ایڈیشن کی ٹرافی کی رسم رونمائی انجام دی ۔

اس موقع پر کھلاڑیوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے انہیں ٹورنامنٹ کے لیے نیک خواہشات پیش کیں۔

شیرِ کشمیر کرکٹ ٹورنامنٹ کا دوسرا ایڈیشن ایک سماجی بیداری مہم کے تحت منعقد کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد منشیات کی لعنت کا خاتمہ کرنا اور صحت مند طرزِ زندگی کو فروغ دینا ہے۔

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کولگام ضلعے میں ژالہ باری سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کر کے وہاں فصلوں، میوہ باغات اور دیگر بنیادی ڈھانچے کو ہوئے نقصان کا جائزہ لیا۔

وزیر موصوفہ نے ضلع انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ نقصانات کا صحیح تخمینہ لگائیں تاکہ متاثرین کے حق میں بر وقت امداد واگذار کی جا سکے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے سکینہ ایتو نے کہا۔

انکم ٹیکس

نے کہا ہے کہ Ruveda Salam سرینگر میں انکم ٹیکس محکمے کی جوائنٹ کمشنر ڈاکٹر سرینگر میں محکمے کے صدر دفتر پر آج سہ پہر تین بجے جموں کشمیر اور لداخ علاقوں کے لئے انکم ٹیکس سے جڑی شکایتوں کے ازالے کا ایک پروگرام منعقد ہو گا ۔ اس پروگرام میں چندی گڑھ کے پرنسپل چیف کمشنر انکم ٹیکس اشوک کمار سروہا اور امرتسر کے چیف کمشنر انکم ٹیکس ڈاکٹر جی ایس فانی کشور بھی شرکت کریں گے ۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے آئیندہ مون سون سیزن کے مدِ نظر کشمیر صوبے میں آبپاشی و فلڈ کنٹرول محکمے کی تیاریوں کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں دریائے جہلم کے قریب آباد حساس علاقوں میں ضروری انتظامات مکمل کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا اور SDRF کو مستعد رہنے کی ہدایت دی گئی ۔

شاہراہ

جموں سرینگر قومی شاہراہ پر آج کسی بھی گاڑی کو چلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی ۔ ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے ایس ایس پی ٹریفک نیشنل ہائی وے راجا عادل حمید کا حوالہ دے کر خبر دی ہے کہ شاہراہ کے شا ل گڑی علاقے میں پسیا ں گر آئی ہیں جن کو ہٹانے کا کام جاری ہے ۔ ڈرائیوروں اور مسافروں سے کہا گیا ہے کہ وہ ٹریفک حکام کے ساتھ تعاون کریں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت8 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ